بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب / س / ۲ / ۲۹ / ۲۰۱۸ مورخہ ۲۰ / اپریل ۲۰۱۸

بخدمت = جناب چیف سیکرٹری، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۱۶۴**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۱۳ / اپریل ۲۰۱۸ میں ترمیمی شکل میں منظورشدہ قرارداد نمبر ۱۶۴ منجانب، محمد خان لہڑی، رکن اسمبلی، بمراد اطلاع وضروری کارروائی ارسال خدمت ہے۔

قرارداد۔

ہرگاہ کہ پٹ فیڈر کینال میں صوبہ کیلئے پانی کا حصہ آٹھ ہزار پانچ سو ۸۵۰۰ کیوسک مختص ہے فیڈر کے اضافی کینالوں کے ساتھ جب ۲۰۱۲ میں سیلاب آیا تو اس وقت کے بعد پٹ فیڈر میں تین ہزار پانچ سو ۳۵۰۰ کیوسک پانی آنا شروع ہوا لیکن جب ۲۰۱۴ میں NLC سے اسکی صفائی کا کام کروایا گیا تو تقریباً ۵۰۰۰ پانچ ہزار کیوسک تک پانی آنا شروع ہوا اس کے بعد اسکی ڈی سلٹنگ نہیں کی گئی جسکی وجہ سے اکثر قبائلی جھگڑے رونما ہورہے ہیں۔ جن کے نتیجے میں ابتک بیس کے قریب افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں نیز پکھی کینال جسکا فیز I بھی مکمل کیا چکا ہے سے ایک ہزار کیوسک پانی آر ڈی ۴۱۸ میر حسن سے پٹ فیڈر کینال یا ربیع کینال میں چھوڑا جائے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے۔ کہ وہ پٹ فیڈر کینال کی صفائی نیز پکھی کینال جسکا پی سی ون بھی تیار کیا گیا ہے کو اپنے PSDP میں شامل کرے۔ تا کہ پانی وافر مقدار میں آنا شروع ہوسکے اور قبائلی جھگڑوں کی روک تھام بھی ممکن ہوسکے۔

(شمس الدین)

معتمد،

برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) **محمد خان لہڑی رکن اسمبلی/محرک**

۲) جناب سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔

۳) جناب سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔

۴) جناب ڈی۔ جی (لاء) پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔

۵) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔

۶) جناب سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

۷) جناب سیکرٹری آبپاشی حکومت، بلوچستان، کوئٹہ۔

۸) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ صوبہ بلوچستان کوئٹہ۔

۹) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبرپختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفرآباد قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

ڈپٹی سیکرٹری،
سوالات

Scanned with CamScanner